**28.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... محمد عمار

**Music**

---

☆ پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب کے ساتھ شروع ہوگیا ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ وِکست بھارت جی رام جی ایکٹ سے دیہی ترقی کو نئی رفتار ملے گی۔

☆ سرکار کی کامیابیوں کو اُجاگر کرتے ہوئے صدرجمہوریہ نے کہا کہ 95 کروڑ بھارتی شہریوں کو سماجی سیکورٹی کی اسکیمیں دستیاب ہیں، جبکہ 2014 میں صرف 25 کروڑ شہری اِس کے دائرے میں تھے۔

☆ مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کی بارہمتی میں طیارہ گرنے کے حادثے میں موت ہوگئی ہے۔ صدرجمہوریہ، نائب صدر، وزیراعظم اور دیگر سرکردہ رہنماؤں نے اُن کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

☆ امریکہ کے تجارتی نمائندے نے کہا ہے کہ بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارت کے سمجھوتے سے عالمی تجارت کے بدلتے ہوئے عوامل کے تناظر میں بھارت مضبوط پوزیشن میں ہے۔

☆ اور ...... بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان چوتھا ٹی-ٹوینٹی میچ آج شام وشاکھاپٹنم میں کھیلا جائے گا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PREZ PARL- ADDRESS**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ سرکار کی ٹھوس پالیسیوں اور اقدامات کی بدولت ملک میں زرعی پیداوار میں تیزی کے ساتھ اضافہ ہوا ہے۔ آج بجٹ اجلاس کے پہلے دن پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ غذائی اجناس اور باغبانی کی فصلوں کی ریکارڈ پیداوار ہوئی ہے۔

محترمہ دروپدی مرمو نے کہا کہ سرکار اُن فصلوں کی پیداوار بڑھانے کیلئے بھی کام کررہی ہے، جن میں زرعی شعبہ پیچھے چل رہا ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ سرکار چاہتی ہے کہ خوردنی تیل، تلہن اور دالوں سے متعلق قومی مشن کے ذریعے زرعی اشیاء کی درآمد کم کی جائے۔ صدر جمہوریہ نے کہاکہ ملک اِن شعبوں میں خودکفالت کی جانب آگے بڑھ رہا ہے۔

**Prez Agriculture**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ سال 2014 کے شروع میں سماجی سیکورٹی کی اسکیمیں صرف 25 کروڑ شہریوں کو ہی دستیاب تھیں، لیکن سرکار کی لگاتار کوششوں کی بدولت اب تقریباً 95 کروڑ بھارتی شہری سوشل سیکورٹی کے دائرے میں آچکے ہیں۔

**President 95 Crore**

صدر جمہوریہ نے یہ اعتماد ظاہر کیاکہ بھارت اِس دہائی کے آخر تک قابل تجدید توانائی کی 500 گیگاواٹ کی صلاحیت کا نشانہ یقیناً حاصل کرلے گا۔ محترمہ دروپدی مرمو نے کہاکہ گزشتہ 11 سال کے دوران شمال مشرقی خطے میں 7 ہزار 200 سے زیادہ کلو میٹر طویل قومی شاہراہیں تعمیر کی گئی ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ اِس سے دوردراز کے، پہاڑی، قبائلی اور سرحدی علاقوں تک پہنچنے میں سہولت ہوگئی ہے۔ صدرجمہوریہ نے کہا کہ دیہی علاقوں میں روزگار اور ترقی کیلئے وِکست بھارت جی رام جی نام کا قانون بنایا گیا ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ اِس نئے قانون سے گاوؤں میں 125 دن کے روزگار کو یقینی بنایا جاسکے گا۔ اِس کے ساتھ ساتھ بدعنوانی اور ہیراپھیری کی روک تھام بھی ہوسکے گی، اِس کیلئے سرکار طویل عرصے سے کوششیں کررہی ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ اِس اسکیم سے دیہی علاقوں کی ترقی کو نئی رفتار ملے گی اور کسانوں، مویشی پالنے والوں اور ماہی گیروں کیلئے نئی سہولیات پیدا ہوں گی۔ اُنہوں نے کہاکہ گزشتہ دس-گیارہ سال کے دوران بھارت نے ہر شعبے میں اپنی بنیاد کو مضبوط بنایا ہے اور 2026 کا یہ سال وِکست بھارت کی سمت سفر کی ایک بڑی بنیاد ثابت ہوگا۔

**President 2026**

**PM-NCC RALLY**

وزیرِاعظم نریندر مودی آج نئی دلی کے کری اَپّا پریڈ گراؤنڈ میں سالانہ NCC PM Rally سے خطاب کریں گے۔ اس سال کی ریلی کا موضوع ہے: ''راشٹر پرتھم - کرتویہ نِشٹھ یووا''۔ NCC PM Rally کے ساتھ ایک ماہ تک جاری رہنے والے NCC یوم جمہوریہ کیمپ-2026 کا شاندار اختتام عمل میں آئے گا۔ ریلی کے دوران کیڈٹس وزیرِاعظم کو ایک علامتی کلش پیش کریں گے، جس میں انڈمان نکوبار جزائر کے 21 غیر آباد جزیروں کی مٹی شامل ہوگی۔ ان جزیروں کو پرم ویر چکر حاصل کرنے والے جانبازوں کے نام سے منسوب کیا گیا ہے۔ اس سال ملک بھر سے NCC کے دو ہزار 406 کیڈٹس نے کیمپ میں شرکت کی، جن میں 898 لڑکیاں شامل ہیں۔ اس ریلی میں 21 ممالک سے تعلق رکھنے والے 207 نوجوانوں اور افسران بھی شریک ہوں گے۔

اس موقع پر NCC کیڈٹس، راشٹریہ رنگ شالا اور نیشنل سروس اسکیم کے اراکین کی جانب سے ایک رنگا رنگ ثقافتی پروگرام پیش کیا جائے گا، جس میں ملک کی تعمیر، سماجی خدمات اور کردار سازی میں، اُن کے کردار کو اُجاگر کیا جائے گا۔ NCC-PM Rally یوم جمہوریہ سے وابستہ سالانہ پروگراموں کا ایک اہم حصہ ہے اور یہ NCC کیڈٹس کے ڈسپلن قیادت اور خدمت کے جذبے کو سراہنے کیلئے ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرتی ہے۔×

## AJIT PAWAR PLANE CRASH

مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار آج صبح ریاست کے بارہمتی علاقے میں ہوائی جہاز گرنے کے حادثے میں چل بسے۔ شہری ہوا بازی کی وزارت نے بتایا ہے کہ آج VSR کمپنی کا Learjet 45 (VT-SSK) طیارہ بارہمتی ہوائی اڈّے پر اُترتے وقت حادثے کا شکار ہوگیا۔ وزارت نے بتایا ہے کہ اِس ہوائی جہاز میں جناب اجیت پوار سمیت پانچ افراد سوار تھے، جس میں دو اہلکار اور دو عملے کے افراد شامل تھے۔ حکام نے بتایا ہے کہ طیارے میں سوار کوئی بھی شخص زندہ نہیں بچا۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ سی-پی-رادھاکرشنن، وزیراعظم نریندر مودی، لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا، وزیر داخلہ امت شاہ، وزیردفاع راجناتھ سنگھ اور اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے جناب اجیت پوار کی بے وقت موت کو ناقابل تلافی نقصان سے تعبیر کیا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ جناب اجیت پوار کو ایک محنتی لیڈر کے طور پر جانا جاتا تھا، جو مہاراشٹر کے عوام کی خدمت کیلئے ہمیشہ پیش پیش رہے۔×

## PAWAR CONDOLENCE

مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کی موت پر مختلف سیاسی حلقوں کی طرف سے تعزیتی پیغام سامنے آرہے ہیں۔ مہاراشٹر اور گجرات کے گورنر آچاریہ دیو وَرت نے اجیت پوار کی بے وقت موت پر دُکھ کا اظہار کیا ہے اور سوگوار کنبے سے تعزیت ظاہر کی ہے۔ مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دیویندر فڑنویس نے کہا ہے کہ جناب اجیت پوار کو مہاراشٹر کے معاملات کی گہری سمجھ بوجھ تھی اور وہ ایک عوامی رہنما تھے۔ ساتھ ہی عام لوگوں میں بھی اُن کے تئیں بہت عقیدہ تھا۔ اُن کے انتقال کے تناظر میں آج پوری ریاست میں سرکاری چھٹی اور تین دن کے سرکاری سوگ کا اعلان کیا گیا ہے۔×

## NAIDU WINGS INDIA

شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو Kinjarapu نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار ملک میں مینوفیکچرنگ کا

ایکو نظام تیار کرنے پر اور زیادہ توجہ مرکوز کررہی ہے۔ آج حیدرآباد میں Wings India 2026 کا افتتاح کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی سرکار نے، جو اصلاحات کی ہیں، اُن کی بدولت عام لوگ بھی اب ہوائی جہاز سے سفر کررہے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ سرکار کا مقصد ملک میں تقریباً ساڑھے تین سو ہوائی اڈّے تعمیر کرنا ہے اور وہ Aviation کے ایکونظام کو وسعت دینے کی سمت کام کررہی ہے، تاکہ شہری ہوا بازی کی دیگر بڑی کمپنیوں کے ساتھ ساتھ اندورنِ ملک مینوفیکچرنگ میں سہولت پیدا کی جاسکے۔ جناب رام موہن نائیڈو نے زور دے کر کہا کہ ملک میں Aviation کے ایکونظام کو فروغ دینا ضروری ہے۔×

**FTA-GREER**

بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزادانہ تجارت سے متعلق معاہدے کو حتمی شکل دئے جانے کے ایک دن بعد امریکی تجارتی نمائندے Jamieson Greer نے کہا ہے کہ یہ تاریخی آزاد تجارتی معاہدہ امریکہ کی نئی اقتصادی پالیسی کے تحت بدلتے ہوئے عالمی تجارتی منظر نامے میں بھارت کو مضبوط پوزیشن فراہم کرتا ہے۔ ایک نجی میڈیا کو دیئے گئے انٹرویو میں جناب Greer نے کہا کہ بڑی معیشتیں بالخصوص یوروپی یونین، اب متبادل برآمدی منڈیوں کی تلاش میں ہیں، کیونکہ امریکہ تک اُن کی رسائی سخت ہوتی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوروپی یونین اپنی تجارتی سرگرمیوں کو برقرار رکھنے کیلئے بھارت کی طرف رُخ کررہی ہے۔ جناب Greer کے مطابق کم لاگت والی افرادی قوت جیسے فوائد کی وجہ سے بھارت اس معاہدے سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی پوزیشن میں ہے اور اس کے نتیجے میں ملک میں مضبوط اقتصادی ترقی دیکھنے کو مل سکتی ہے۔×

**INDIA-EU FTA MEDIA**

بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارت کے سمجھوتے کے اعلان پر سرکردہ بین الاقوامی میڈیا اداروں میں وسیع اور نمایاں انداز سے خبریں دی گئی ہیں اور اِسے تاریخی اور اب تک کا سب سے بڑا تجارتی معاہدہ قرار دیا گیا ہے۔ سرکردہ بین الاقوامی میڈیا اداروں میں مذکورہ معاہدے کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے اِسے حالیہ برسوں میں سب سے اہم عالمی تجارتی سمجھوتوں میں سے ایک قرار دیا گیا ہے۔ یوروپ اور امریکہ میں بڑے بین الاقوامی Publications اور کثیر ملکی پلیٹ فارمس نے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارت کے سمجھوتے کو عالمی اقتصادی ڈپلومیسی میں ایک نہایت اہم لمحے سے تعبیر کیا ہے۔ BBC، فائنانشل ٹائمز، The Guardian، یورو نیوز، DW اور فرانس 24، Le Monde جیسے برطانوی اور یوروپی میڈیا نے مذکورہ سمجھوتے کے پیمانے اور اِس کی وسعت کو اُجاگر کیا ہے اور کہا کہ اِس سے اِس بات کی عکاسی ہوتی ہے کہ یہ بھارت یا یوروپی یونین کا آج تک کا سب سے بڑا تجارتی معاہدہ ہے۔×

**NDCT AMENDMENTS NOTIFIED**

حکومت نے ضابطوں کی تعمیل کے بوجھ کو کم کرنے اور کاروبار میں آسانی کو فروغ دینے کیلئے ادویہ اور طبی آزمائش سے متعلق نئے قوانین NDCT-2019 میں اہم ترمیم کو باضابطہ طور پر نافذ کردیا ہے۔ صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت نے کہا ہے کہ ان ترامیم کا مقصد ضابطہ جاتی عمل کو آسان بنانا، منظوری میں لگنے والے وقت کو کم کرنا اور ملک میں طبی تحقیق اور دواسازی کی ترقی کو تیز کرنا ہے۔ وزارت کے مطابق ان ترامیم کے تحت غیر تجارتی مینوفیکچرنگ کیلئے لائسنس حاصل کرنے کی شرط کو ختم کرکے پیشگی اطلاع کے نظام سے بدل دیا گیا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ اس اصلاح سے دوا کی تیاری کے پورے عمل میں کم سے کم 90 دن کی بچت متوقع ہے، جس سے دوا سازی کی تحقیق اور جدت طرازی کو نمایاں طور پر تقویت ملے گی۔×

**AIR WATER AMENDMENTS**

حکومت نے فضائی اور آبی قوانین کے تحت یکساں رضامندی سے متعلق رہنما اصولوں میں ترمیم کی ہے، تاکہ منظوری کے عمل کو آسان بنایا جاسکے، تاخیر میں کمی لائی جاسکے اور ماحولیاتی ضوابط پر عمل درآمد کو مضبوط بنایا جاسکے۔ ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی کی وزارت نے کہا ہے کہ اس اقدام کا مقصد طریقہ کار سے متعلق کام میں تاخیر کو کم کرنا اور ماحولیاتی گورننس کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ وزارت کے مطابق ان ترامیم کے ذریعہ ماحولیاتی تحفظ کو برقرار رکھتے ہوئے منظوری کے عمل کو زیادہ تیز، آسان اور مؤثر بنایا گیا ہے۔ یہ ترامیم ریاستی آلودگی کنٹرول بورڈس اور آلودگی کنٹرول کمیٹیوں کو اجازت سے متعلق درخواستوں کی جانچ پڑتال کے عمل میں بھی سہولت فراہم کریں گی۔×

**KERALA SABARIMALA**

کیرالہ میں سبری مالا سونے کے تنازع پر احتجاج میں شدت آتی جارہی ہے، جہاں BJP کی قیادت والے NDA اور کانگریس کی قیادت والے UDF دونوں ہی اس معاملے پر احتجاج کررہے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Smithy M Palluruthy**

*BJP، ریاستِ کیرالہ سے تعلق رکھنے والے کانگریس ارکان پارلیمنٹ کے دفاتر کی جانب مارچ کررہی ہے، جن میں پرینکا گاندھی Adoor Prakash اور Anto Antony شامل ہیں۔ BJP نے الزام لگایا ہے کہ CPM اور کانگریس، سبری مالا معاملے میں ملوث افراد کو بچانے کیلئے متحد ہوگئی ہیں۔ ادھر کانگریس کے دو MLA، اسمبلی کی عمارت کے سامنے دھرنا دیئے ہوئے ہیں اور سبری مالا سونے کے معاملے پر کیرالہ کے Devaswom کے وزیر کے استعفے کا مطالبہ کررہے ہیں۔*

ترواننت پورم سے Smithy M Palluruthy کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں......

## CRICKET-T-20

بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان چوتھا ٹی-ٹوینٹی میچ آج شام وشاکھاپٹنم میں کھیلا جائے گا۔ بھارت کو اِس سیریز میں تین-صفر کی سبقت حاصل ہے۔ بھارت نے گواہاٹی میں تیسرے میچ میں نیوزی لینڈ کو آٹھ وکٹ سے کراری شکست دی تھی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆